''احکام القرآن'' ۔ ''احکام الاسلام''

دار العلوم عربیہ ایبٹ آباد کے بانی حضرت مولانا محمد ایوب ہاشمی فاضل دیو بند رحمہ اللہ تعالیٰ ہزارہ کے بزرگ علما میں سے تھے جنہوں نے ایک عرصہ تک اس خطے میں دینی علوم کی ترویج واشاعت اور عوام کے عقائد واعمال اور اخلاق وعادات کی اصلاح کے لیے مخلصانہ جدوجہد کی ہے اور تقریر وتدریس کے علاوہ تحریر کے میدان میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں۔

مختلف موضوعات پر ان کی نصف درجن سے زائد معلوماتی اور اصلاحی کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن میں سے دو اس وقت ہمارے سامنے ہیں۔ ایک ''احکام القرآن'' کے نام سے ہے جس میں قرآن کریم کے مختلف مضامین کی آسان زبان میں وضاحت کے ساتھ ساتھ کتاب اللہ کے بارے میں بہت سی مفید معلومات یک جا کر دی گئی ہیں۔ ۱۹۰ صفحات کی اس مجلد کتاب پر قیمت درج نہیں ہے۔

دوسری کتاب ''احکام الاسلام'' ہے جس میں روزمرہ پیش آنے والے دینی مسائل' ایمانیات' نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ اور وراثت وغیرہ سے متعلق اسلامی احکام عام فہم انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ اس مجلد کتاب کے صفحات ۱۵۸ ہیں۔

یہ دونوں کتابیں درج ذیل ایڈریس سے طلب کی جا سکتی ہیں:

مولانا قاری عتیق الرحمن ہاشمی' دار العلوم عربیہ سراج العلوم' مدنی مسجد' مری روڈ' ڈھوڈہ ایبٹ آباد

قبر۔ ایک شدید غلط فہمی کا ازالہ

جامعہ اسلامیہ راولپنڈی صدر کے دار الافتا کے سربراہ مولانا مفتی محمد اسماعیل طورو نے عذاب قبر کے بارے میں ایک فتویٰ جاری کیا کہ عذاب قبر کا منکر مسلمان نہیں ہے جو مختلف دینی وعلمی حلقوں میں موضوع بحث بن گیا اور اس پر ملک کے متعدد اداروں اور شخصیات کی طرف سے اظہار خیال کیا گیا۔ مفتی صاحب نے اس ساری بحث کو یک جا کر کے اہل سنت کے اس موقف کی وضاحت کی ہے کہ مطلقاً عذاب قبر کا انکار کفر ہے اور نفس عذاب قبر کو تسلیم کرتے ہوئے اس کی کیفیات اور تعبیرات میں اختلاف کے مختلف مدارج ہیں جن میں ایک یہ ہے کہ اہل سنت کی اجماعی تعبیر